سوال

(87)اکیلا مقتدی کہاں کھڑا ہو؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک امام ہے اورایک مقتدی ہے توامام اورمقتدی پاؤں سے پاؤں اورمونڈھوں سے مونڈھے ملاکرکھڑے ہوں یامقتدی کچھ پیچھے کھڑا ہوئے ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

اکیلا مقتدی امام کے برابر کھڑا ہو، نہ پیچھے نہ آگے، کیونکہ اس کوامام کے داہنے کی طرف کھڑے ہونے کا حکم ہے اوراگروہ پیچھے یاآگے کھڑا ہوگا توحکم مذکورپرپورا عمل نہ ہوگا۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

مجموعہ فتاویٰ عبداللہ غازی پوری

کتاب الصلاۃ، صفحہ:205

محدث فتویٰ